ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: اعجاز قمر

جلد02 | ہفتہ 25 فروری 2023ء 04 شعبان 1444ھ 10 پھاگن 2079 | صفحات04 / قیمت15روپے | شمارہ نمبر361

جامعہ پونچھ گرین یوتھ موومنٹ کے تحت شجرکاری مہم وائس چانسلر نے افتتاح کیا

ایگریکلچر فیکلٹی جامعہ پونچھ کی بنیاد ہے، عوام میں زراعت کے تمام شعبوں سے متعلق شعور اجاگر کرنا ہماری ذمہ داری، ڈاکٹر ذکریا ذاکر

اعلیٰ معیار کے پھلدار پودے مقامی موسم سے مطابقت رکھتے ہیں، کوآرڈینیٹر گرین یوتھ موومنٹ ڈاکٹر محمد ذبیر عباسی کی بریفنگ

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) وائس چانسلر جامعہ پونچھ راولاکوٹ ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) نے جامعہ کے چھوٹا گلہ کیمپس میں ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کی گرین یوتھ موومنٹ کے زیر اہتمام شجرکاری مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر گرین یوتھ موومنٹ جامعہ پونچھ کے کوآرڈینیٹر اور ناظم امور طلبہ ڈاکٹر محمد ذبیر عباسی نے شجرکاری سے متعلق بریفنگ دی۔ وائس چانسلر نے گرین یوتھ موومنٹ کا کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ جامعہ پونچھ

(بقیہ 44 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ، وائس چانسلر جامعہ پونچھ ڈاکٹر ذکریا ذاکر گرین یوتھ موومنٹ کے تحت شجرکاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں، ڈاکٹر عبدالرؤف، ڈاکٹر ناصر رحیم اور دیگر بھی موجود ہیں

شعبوں کے بارے عوام میں شعور اجاگر کرے۔ زراعت کا نہ صرف مقامی سطح پر بلکہ ملک کا انحصار ہی زراعت پر ہے۔ ہمارے زرعی شعبہ ملک بھر میں ممتاز شناخت رکھتا ہے اس وقت جامعہ پونچھ سے فارغ التحصیل طلبہ بہت اہم پوزیشن پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ان کی معاونت بھی حاصل کی جائے۔ دریں اثناء ڈاکٹر محمد زبیر نے بریفنگ میں بتایا کہ گرین یوتھ موومنٹ کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ شجرکاری میں زیادہ سے زیادہ طلبہ کو شریک کیا جائے تاکہ وہ شجرکاریم کی اہمیت اور اس وقت پاکستان سمیت دنیا بھر کو ماحولیات سے متعلق جن چیلنجز کا سامنا ہے ان کو سمجھ سکیں اور اس چیلنج سے نمٹنے کیلئے اپنے حصے کا کردار ادا کر سکیں۔ انھوں نے کہا کہ شجرکاری کیلئے استعمال کئے جانیوالے پھلدار پودے اعلیٰ معیار اور جامعہ پونچھ اور ایگریکلچر فارم سوات کے دوطرفہ تعاون سے تیار کئے گئے ہیں۔ یہ پودے مقامی موسم سے مطابقت رکھتے ہیں اور قبل ازیں کی گئی شجرکاری کے بہت اچھے نتائج سامنے آئے ہیں جس کے باعث ہر سال پودوں کی ڈیمانڈ بڑھتی ہی جا رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ جامعہ پونچھ کی جانب سے شجرکاری کے حوالے آگاہی مہم کے بہت اچھے اثرات ہیں۔ اب نہ صرف لوگوں میں شجرکاری کے حوالے سے شعور بیدار ہوا ہے بلکہ مارکیٹ کی ضروریات اور موسم کی مناسبت سے شجرکاری کی اہمیت سے بھی اچھی طرح آگاہ ہو چکے ہیں۔